109235 - سعی کے پہلے چکر کے درمیان میں پہنچ کر سعی کی نیت کی

سوال

ایک آدمی سعی کی جگہ گیا اور چلنے لگا، اس نے سمجھا کہ یہ طواف کی جگہ ہے، لیکن جب وہ سبز نشانوں تک پہنچا تو اسے پتا چلا کہ یہ تو سعی کی جگہ ہے، تو اس نے سعی کی نیت کر لی، اب اس کے لیے کیا حکم ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"اس پر لازم ہے کہ شروع سے سعی کرتا، اگر اس نے شروع سے سعی نہیں کی ہے تو اب سعی دوبارہ کرے؛ کیونکہ سعی کا پہلا چکر درست نہیں تھا؛ اس لیے کہ اس نے سعی کی نیت درمیان میں پہنچ کر کی تھی ، چنانچہ اس پر لازم ہے کہ اب دوبارہ سعی کرے۔" ختم شد

مجموع فتاوی ابن عثیمین: (24/100)